سکے بعد لائق سیاح کے دل و دماغ پر طاری ہوئے علاوہ بریں ان ملکوں کے چند نامور علما اور ارباب اثر و رسوخ حضرات کا تذکرہ بھی ضمناً آگیا ہے۔ کتاب دلچسپ لائق مطالعہ اور مفید ہے

(۱) فقہ نظامی تقطیع خورد ضخامت ۱۱۲ صفحات۔ (۲) عربی اردو نظامی قاعدہ جدید حصہ اول و دوم مکمل ضخامت ۸۰ صفحات (۳) سیرت محبوب رب العلمین ضخامت ۸۰ صفحات	از جناب مولانا ابو بکر خطیب مدنی قیمت کسی ایک کی بھی درج نہیں پتہ:۔ مدرسہ حاجی احمد بن محمد لوکھاٹ مرحوم ڈربن نٹال (جنوبی افریقہ)

پہلے رسالہ میں نماز۔ روزہ۔ زکوٰۃ اور حج اور ان سے متعلقہ امور کے احکام و مسائل عام فہم اور سادہ زبان میں بصورت سوال و جواب بیان کئے گئے ہیں دوسرے رسالہ میں ایک نئے طریقہ پر بچوں اور بچیوں کے لئے قاعدہ اس طرح پر لکھا گیا ہے کہ اس کو پڑھ لینے کے بعد بچہ کو عربی حروف کے ساتھ ساتھ اردو حروف پڑھ لینا بھی آسان ہو جاتا ہے اس میں تین فصلیں اور ۳۹ اسباق ہیں جن میں حروف کی شکلیں اور قواعد بیان کئے گئے ہیں اور فصل سوم میں دینیات کے مسائل کا بیان ہے تیسرا رسالہ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے آسان اردو میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت میں بصورت سوال و جواب لکھا گیا ہے تینوں رسالے اس لائق ہیں کہ بچوں اور بچیوں کے مکاتب کے نصاب میں ان کو شامل کیا جائے۔ ان سے خاطر خواہ فائدہ ہوگا!

اخلاقی کہانیاں حصہ اول و دوم ہر ایک کی ضخامت ۳۲ صفحات۔ اخلاقی کہانیاں حصہ چہارم ضخامت ۴۸ صفحات۔	مرتبہ جناب افضل حسین صاحب ایم۔ اے بی۔ ٹی تقطیع خورد کتابت و طباعت بہتر اور دیدہ زیب حصہ اول و دوم کی قیمت ۳ر اور حصہ چہارم کی ۵ر پتہ:۔ مکتبہ جماعت اسلامی ہند رامپور (یوپی)